# 30-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ریاست میں اشیائے خوردنوشمیں ملاوٹ میں روک تھام کیلئے موثر پالیسی تیار کرنے خصوصی نظام قائم کیا جارہا ہے۔

۲۔ پرنم پربھاکر نے تلنگانہ میں نفرت انگیز تقاریر اورنفرت انگیز جرائم کی روک تھام سے متعلق بل 2026ء ایوان میں پیش کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا بل کا بنیادی مقصد مساوات اور احترام جیسے بنیادی آئینی اقدار کا تحفظ ہے۔

۳۔ ریاستی اسمبلی میں حکومت نے آج کاگ رپورٹ پیش کردی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بینکوں کے ساتھ مناسب تال میل اورنگرانی نہ ہونے سے حکومت کو بھاری نقصان ہوا ہے۔

اور

۴۔ تلنگانہ قانون سازکونسل میں بی آرایس ارکان کی افراتفری کے تناظر میں ایوان سے پارٹی کے ارکان کوآج دن بھر کیلئے معطل کرنے صدرنشین گتہ سکھیند رریڈی کا اعلان۔

Ravanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بتایا کہ ریاست میں اشیائے خوردنوش میں ملاوٹ میں روک تھام کیلئے موثر پالیسی تیار کرنے خصوصی نظام قائم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ زراعت، سیول سپلائز اور اکریسائٹ کے ماہرین پر مشتمل ایک ٹاسک فورس کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ چیف منسٹر نے باریک چاول کی اسکیم کو متعارف کرنے کے ایک سال کی تکمیل کے موقع پر آج اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے غیررسمی بات چیت کی۔ انہوں نے بتایا کہ باریک چاول کی اسکیم

کیلئے ہر سال 14 ہزار 560 کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔ ریاست میں ایک کروڑ 5 لاکھ سے زائد راشن کارڈس ہیں اور استفادہ کنندگان کی تعداد 3 کروڑ 39 لاکھ ہے۔ چیف منسٹر نے بتایا کہ باریک چاول کی کاشت کرنے والے کسانوں کو ریّتو بھروسہ امداد کے ساتھ ساتھ زائد بونس بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ یہ باریک چاول حکومت کی جانب سے خریدتے ہوئے راشن کارڈ رکھنے والوں کو فراہم کئے جارہے ہیں جس کے نتیجہ میں کسانوں، ملرس اور راشن کارڈ رکھنے والوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ ریونت ریڈی نے مزید بتایا کہ باریک چاول کی اسکیم سے کسانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور یہ چاول غریب افراد کو فراہم کئے جارہے ہیں اور یہ نظام درمیانی افراد سے پاک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مستقبل میں راشن شاپس پر چاول کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاء کی سربراہی پر بھی حکومت غور کررہی ہے۔ آخر میں انہوں نے یہ بھی کہا کہ شمال اور جنوبی ہند کے درمیان فرق کے بغیر حلقوں کی ازسرنو حدبندی کی مرکز سے خواہش کی گئی ہے۔

## BRS MLAS Suspended

تلنگانہ قانون ساز کونسل سے بی آر ایس کے ارکان کونسل کو معطل کردیا گیا۔ کونسل کے اپوزیشن لیڈر مدھوسدن چاری، تاتا مدھو سمیت بی آر ایس ارکان کو صدرنشین گتہ سکھیندر ریڈی نے معطل کردیا۔ غیر قانونی کانکنی کے معاملہ پر بی آر ایس کے ارکانِ کونسل کی جانب سے کیا گیا احتجاج بالآخر معطّلی کی صورت میں سامنے آیا۔ بی آر ایس کے ارکان نے راگھوا کنسٹرکشن سے متعلق بدعنوانیوں پر مقننّہ کمیٹی قائم کرنے ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی کو برطرف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے پلے کارڈس کے ساتھ احتجاج کیا اور کرسی صدارت کے قریب پہنچ گئے۔ صدرنشین گتہ سکھیندر ریڈی اور ریاستی وزیر سریدھر بابو نے متعدد مرتبہ ایوان کی کارروائی پرامن

طور پر چلانے میں تعاون کی خواہش کی۔اس معاملہ پر تا حال سی آئی ڈی تحقیقات کی ہدایت کئے جانے کی بات حکومت نے واضح کردی باوجود اس کے اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج ختم نہیں کیا۔ایوان کا وقت ضائع کرنے کی وجہ سے ریاستی وزیر سریدھر بابو کی جانب سے پیش کردہ قرار داد کی بنا پر بی آر ایس کے ارکان کو کونسل سے معطل کرنے کا صدر نشین نے اعلان کیا۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پرنم پربھاکر نے تلنگانہ میں نفرت انگیز تقاریر اور نفرت انگیز جرائم کی روک تھام سے متعلق بل 2026ء ایوان میں پیش کیا۔انہوں نے گنگا جمنی تہذیب کے حامل تلنگانہ میں حال ہی میں ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمس کے ذریعہ نفرت انگیز واقعات میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا۔پونم پربھاکر نے کہا کہ ایسی تقاریر جو مذہب، ذات پات، نسل، زبان اور جنس کی بنیاد پر دشمنی کو فروغ دیتی ہے سماجی ہم آہنگی اور عوامی امن کو نقصان پہنچتا ہے۔انہوں نے وضاحت کی بل کا بنیادی مقصد مساوات اور احترام جیسی بنیادی آئینی اقدار کا تحفظ کرنا ہے۔ پونم پربھاکر نے واضح کیا کہ یہ نفرت انگیز جرائم سماج میں تفرقہ کو بڑھاوا دے رہے ہیں اور انہیں روک کر ہی ریاست کے تمام شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکتا ہے۔ Sound Byte.

BJP - Head Speech Bill

بی جے پی نے نفرت انگیز تقاریر اور جرائم کی روک تھام سے متعلق بل 2026ء کی مخالفت کی۔ اس سلسلہ میں بی جے ایل پی قائد اے مہیشور ریڈی نے الزام لگایا کہ سیاسی مقاصمت کی بنا پر کانگریس حکومت یہ بل پیش کیا ہے۔انہوں نے سوال کیا کہ جرم ثابت کئے بغیر جیل کیسے بھجوایا جا سکتا ہے۔ایک اور قائد پائل شنکر نے کہا کہ یہ بل جمہوریت کیلئے نقصاندہ ہے لہٰذا فوری اس

بل کو واپس لیا جائے۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر پابندیوں کیلئے یہ بل متعارف کروایا گیا ہے۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر امورِ مقننّہ سریدھر بابو نے بی آر ایس کے رویہ پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر نشین کی جانب سے متعدد مرتبہ اپیل کے باوجود ایوان کی کارروائی پرسکون طور پر چلانے میں خلل اندازی پیدا کرنا درست نہیں ہے۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن دانستہ طور پر ہنگامہ آرائی کررہی ہے۔

KTR - Ponguleti

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے الزام عائد کیا کہ ضلع رنگا ریڈی وٹی ناگولا پلی میں ایک ہزار چار سو کروڑ روپے مالیتی اراضی پر پنگولیٹی کی نظر ہے اور اس زمین کے مالک کے گھر جاکر ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور ان کے فرزند ہرشا نے انہیں دھمکی دی ہے۔ وٹی ناگولا پلی میں پنگولیٹی کے فرزند کی جانب سے قبضہ کی کوشش کے الزامات کے تناظر میں اس اراضی کا آج بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی کے ساتھ کے ٹی آر نے معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اراضی کے مالکین کے ساتھ مل کر بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ اراضی حاصل کرنے کے لئے ریاستی وزیر شخصی طور پر دھمکی دینے کے ساتھ ساتھ اختیارات کا استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس معاملہ پر گورنر سے شکایت کی جائے گی اور عنقریب مزید بدعنوانیوں کو عوام کے سامنے لایا جائے گا۔

## Elevated Corridor

ضلع میڑچل ملکا جگری کے تحت اپل سے نارا پلی تک تعمیر کروائی جانے والی ایلیویٹیڈ کوریڈور کو بنڈاروی راجی ریڈی کوریڈور کے نام سے منسوب کرتے ہوئے حکومت نے احکامات جاری کیئے۔اپل اسمبلی حلقہ کے پہلے رکن اسمبلی اور کاپرابلدیہ کے پہلے صدرنشین کے طور پر انجام دی جانے والی بنڈاری راجوریڈی کی خدمات کے پیش نظر اپل کوریڈور کو ان کے نام سے منسوب کرنے کی عوامی گزارش کے تناظر میں ملکا جگری بلدیہ کی اسٹانڈنگ کمیٹی نے یہ تجویز 9 فروری کو منظور کرتے ہوئے حکومت کو روانہ کی تھی۔ اس سلسلہ میں احکامات جاری کیئے گئے ہیں۔ ملکا جگری میونسپل کمشنر کو آگے کی کارروائی کی ہدایت دی گئی ہے۔

## Weather

تلنگانہ بھر میں اگلے چار دنوں میں موسم میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کی حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے۔بعض مقامات پر ہلکی اور بعض مقامات میں تیز بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔کہا گیا ہے کہ ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں رہے گی اور یہی صورتحال برقرار رہ سکتی ہے جبکہ بارش کے ساتھ تیز ہواؤں کی بھی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

## National Green Carps

تلنگانہ نیشنل گرین کارپس کے زیراہتمام ضلع کریم نگر چامنا پلی موضع میں طلبہ کی جانب سے ماحولیات کے تحفظ کیلئے بنیادی سطح سے شعور بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ یہ تقریب میں ضلع کے سوچھ بھارت کمیشن ڈسٹرکٹ کوآرڈنیٹر ٹی رمیش کے زیراہتمام منعقد کی گئی جس میں تلنگانہ گرین کارپس اسٹیٹ کوآرڈنیٹر سوریہ کرن نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔

اس موقع پر کہا گیا کہ خاص طور پر پلاسٹک کے باقیات کا استعمال نہ کیا جائے۔ اس تقریب میں چامنا پلی ولیج سکریٹری مہندر، کریم نگر گورنمنٹ ویمنس ڈگری کالج کی طالبات اور کالج کے اساتذہ نے شرکت کی۔

Haj Committee

تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے زیراہتمام ورنگل ضلع سے حج کیلئے روانہ ہونے والے عازمین کی صحت کیلئے ضلعی محکمہ صحت اور ضلع حج کمیٹی کے اشتراک سے ویکسی نیشن پروگرام منعقد کیا گیا۔ آئی ایم اے ہال میں منعقدہ ویکسی نیشن پروگرام کا آج ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردھا نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے آغاز کیا۔ انہوں نے نیک توقعات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عازمین حج صحت منداور محفوظ طریقہ سے فرائض حج انجام دیں۔ ساتھ ہی انہوں نے احتیاطی اقدامات کا بھی مشورہ دیا۔ ڈی ایم اینڈ ایچ او ڈاکٹر سامبا شیوا راؤ کے علاوہ ڈسٹرکٹ حج سوسائٹی کے ذمہ داران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

CAG Report

ریاستی قانون ساز اسمبلی میں حکومت کی جانب سے کاگ رپورٹ پیش کی گئی۔ مارچ 2022ء کو ختم ہونے والے مالی سال سے متعلق سماجی، معاشی اور دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ تعمیراتی ورکرس کی فلاح سے متعلق کاگ نے اہم نکات کا انکشاف کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت کی انتظامی خامیوں کی وجہ سے عوام کے کروڑہا روپے ضائع ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں خاص طور پر بجٹ کی تیاری میں سنگین تضاد کا ذکر کیا گیا ہے۔ سال 22-2021ء مالی سال میں فنڈس کی تقسیم اور اصل آمدنی میں 53 فیصد کا فرق ہے۔ اسی طرح سال 20-2019ء اور سال

2020-21ء میں بجٹ کے انتظام کی بے ضابطگی پر بھی تنقید کی گئی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بینکوں کے ساتھ مناسب تال میل اور نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے حکومت کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ رپورٹ میں وضاحت کی گئی کہ سال 2023ء تک چکس اور ڈرافٹ مناسب وقت میں جمع نہ کرنے کی وجہ سے تقریباً 52 کروڑ کا نقصان ہوا ہے۔

## Lok Bhawan

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کینسر پریلمنری اسکریننگ کیلئے بھارت ڈائنامکس لمیٹڈ کی جانب سے فراہم کردہ موبائل ریم کو لوک بھون کے احاطہ میں جھنڈی دکھائی۔ میدک پارلیمنٹری حلقہ کی عوام کی خدمت کیلئے یہ موبائل یونٹ دستیاب رہے گی۔ اس ویان میں کینسر کی تشخیص کی ابتدائی طبی معائنے کئے جائیں گے۔

○○